# 11-08-2024 Sunday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے انڈین اگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ نئی دہلی میں 109 انتہائی پیداواری اور ماحول دوست فصل اقسام جاری کی۔

۲۔وزیرآبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت ہرسال 6لاکھ ایکڑ زمین کو سیراب کرنے کے ارادہ کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

۳۔مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے عوام سے کہا ہے کہ وہ نوجوانوں کو ہندوستان کی آزادی کی تاریخ کے بارے میں بتائیں۔

اور

۴۔نیٹ پی جی انٹرنس امتحان 2024ء آج ہوا جسے جون میں ملتوی کردیا گیا تھا۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دہلی کے انڈیا اگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں 109 مضبوط فصل کی قسمیں جاری کیں جو زیادہ پیداوار کی حامل ہیں اور ہرطرح کے موسم سے نمٹ سکتی ہیں۔ 61 فصلوں کی 109 قسموں میں 34 کھیت کی فصلیں اور 27 باغبانی کی فصلیں ہیں۔کھیت کی فصلوں میں موٹے اناج، تیل کے بیج، دالوں، گنا، کپاس اور دوسری فصلوں کے بیج شامل ہیں جنہیں جاری کیا گیا۔ باغبانی کی فصلوں میں میوں، ترکاری، مصالوں، پھولوں اور طبی اہمیت کے حامل پودوں وغیرہ کی مختلف قسموں کا احاطہ کیا گیا۔اس موقع پر وزیراعظم نے زراعت میں بہتری کی اہمیت پر زور دیا۔وزیراعظم نے کہا کہ کرشی وگنان نالج سنٹرس کو سرگرمی سے نئی قسموں کے فائدوں سے کسانوں کو واقف کروانا چاہئے۔زراعت اور کسانوں کی بھلائی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ آج کسانوں کے لئے ایک تاریخی دن ہے کیونکہ 65 فصلوں کی 109 قسمیں جاری کی گئی ہیں جن سے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا، پیداوار بڑھے گی اور خرچ کم ہوگا۔چوہان نے کہا کہ ان فصلوں کے بیج ماحولیات دوست ہیں اور سخت موسم میں بھی ان سے اچھی پیداوار حاصل ہوسکتی ہے۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ یہ قسمیں کافی تغذیہ بخش ہوتی ہیں۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراو نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر اپنے بیانوں کے ذریعہ تلنگانہ کی برانڈ امیج کو نقصان پہنچانے کا الزام لگایا ہے۔انہوں نے سب سے زیادہ فی کس آمدنی اور فاضل آمدنی والی ریاست تلنگانہ کا تقابل قرض میں ڈوبی ہوئی ریاست اور کینسر کے مریضوں سے کرنے پر تنقید کی اور ایسے بیانات کو ایک مزاق قرار دیا اور کہا کہ یہ کسی وزیراعلیٰ کو زیب نہیں دیتے۔ایکس پر اپنے پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے موقف کی وجہ سے کئی کمپنیاں ریاست کو چھوڑ رہی ہیں۔انہوں نے اس سلسلہ میں بعض مثالیں دیں اور کہا کہ Cairn تکنالوجی کمپنی گجرات چلی گئی، Cornning کمپنی نے اپنا پلانٹ چینائی منتقل کیا اور امر اراجہ کمپنی نے بھی ریاست کو چھوڑنے کی دھمکی دی ہے اور کہا ہے کہ اس سے تلنگانہ کے برانڈ کو بھاری نقصان پہنچے گا۔

☆☆☆

نیٹ پی جی انٹرنس امتحان 2024ء آج ہوا۔طبی تعلیم سے متعلق امتحانات کے قومی بورڈ نے کمپیوٹر مبنی طریقہ سے دو شفٹوں میں امتحان رکھا۔اس داخلہ امتحان میں دو لاکھ سے زیادہ طلبہ نے حصہ لیا۔ جون میں اس امتحان کو مقررہ تاریخ سے ایک دن پہلے ملتوی کردیا گیا تھا۔بعض مسابقتی امتحانات میں بدعنوانیوں کے الزامات کے پس منظر میں یہ امتحان ملتوی کیا گیا تھا۔

☆☆☆

ساوتھ سنٹرل ریلوے زون نے تلنگانہ علاقہ کے چھ ریلوے پراجکٹس پر تعمیر جلد شروع ہوگی۔ ریل عہدیداروں کا اندازہ ہے کہ ان پراجکٹس پر تقریباً 26 ہزار کروڑ روپے کا خرچ آئے گا۔ ان نئے پراجکٹس کے تحت پانڈورنگا پورم اور اوڈیشہ ملکانگری کے درمیان ایک نئی ریلوے لائین تعمیر کی جائے گی جو بھدراچلم سے گذرے گی۔ یہ ریلوے لائن 170 کلومیٹر کے فاصلہ کا احاطہ کرے گی اور اس پر اندازاً سات ہزار تین سو 83 کروڑ روپے کا خرچ آئے گا۔ اس پراجکٹ پر کام دو مہینہ کے اندر شروع ہونے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ دورناکل اور گدوال کے درمیان 296 کلومیٹر، دورناکل اور مریال گوڑہ کے درمیان 105 کلومیٹر عمدہ نگر اور جگیاپیٹ کے درمیان 228 کلومیٹر، راما گنڈم اور منوگورو کے درمیان 207 کلومیٹر اور ناگولا پلی، نظام آباد اور عادل آباد کو جوڑتے ہوئے 316 کلومیٹر کی نئی ریلوے لائنس بھی جلد شروع کی جائیں گی۔ عہدیداروں نے یہ بات بتائی۔

☆☆☆

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ اداکار موہن بابو کی زندگی اِس بات کا ثبوت ہے کہ کس طرح پکے ارادوں سے کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ملو بھٹی وکرامارکہ نے چندر گری میں موہن بابو کی سری ودیا نکیتن یونیورسٹی کی کنوکیشن تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت شرکت کی۔ اس سے پہلے صبح بھٹی وکرامارکہ نے ترو ملا مندر میں لارڈ وینکٹیشو را سوپرابھا تا سیوا میں شرکت کی۔

☆☆☆

سپریم کورٹ کل بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا کی ضمانت کی درخواست پر سنوائی کرے گی۔ جو فی الحال دہلی شراب اسکام کیس کے سلسلہ میں جیل میں ہیں۔ جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس کے وی وشواناتھن پر مشتمل دو ججوں کی بنچ اس معاملہ پر سنوائی کرے گی۔ کویتا کو انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے 15 مارچ اور سی بی آئی نے 11 اپریل کو گرفتار کیا تھا۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی جرات مندانہ فیصلوں کے لئے جانے جاتے ہیں۔ بنڈی نے کریم نگر کے ریکورتی میں دہلی ڈیفنس اکیڈیمی کے فریشرس ڈے پروگرام مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فوج، بحریہ اور فضائیہ میں خدمات انجام دینا قومی کی خدمت کے برابر ہے۔ سنجے نے انتہائی دانشمندی سے اگنی پتھ اسکیم شروع کرنے کے وقت وزیر اعظم کے خلاف شور مچانے پر اپوزیشن پر تنقید کی۔ بنڈی سنجے نے کریم نگر ضلع کے مناکندور حلقہ میں تماپور کے مقام پر نیشنل ایمپلائمنٹ گیارنٹی اسکیم فنڈس کے تحت سی سی روڈس کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کی۔ اس موقع پر تلنگانہ آشاورکرس یونین کے تحت کئی آشاورکرس نے بنڈی سنجے سے ملاقات کی اور انہیں یادداشت پیش کرتے ہوئے ان کے مسائل حل کرنے کے لئے ریاستی حکومت پر دباؤ ڈالنے کی درخواست کی۔ بنڈی سنجے نے وعدہ کیا کہ وہ آشاورکرس کے مسائل حل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

☆☆☆

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں سیتاراما پراجکٹ کے دو پمپ ہاؤس موٹرس کو کامیابی کے ساتھ آزمائشی طور پر چلایا گیا۔ وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے مولا کالا پلی منڈل کے کوسو گوڑم میں پراجکٹ پمپ ہاؤس کا سوئچ آن کیا اور اس کا افتتاح کیا۔ ریاستی وزیروں تملا ناگیشور راؤ اور پونگی لیٹی

سرینواس ریڈی نے پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے گوداوری کے پانی کی خصوصی پوجا کی ۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس مہینہ کی 15 تاریخ کو سیتاراما پراجکٹ کا افتتاح کریں گے ۔انہوں نے کہا کہ حکومت ہر سال چھ لاکھ ایکر زمین کو سیراب کرنے کے ارادہ کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے ۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ 15 اگست 2026ء تک سیتاراما پراجکٹ آیا کٹ کے ہر ایکر کو پانی سپلائی کیا جائے گا۔

☆☆☆

اتم کمار ریڈی نے یہ بھی کہا کہ وزیراعلیٰ 15 اگست کو وائرا میں ہونے والے ایک جلسہ عام کے ساتھ دیڑھ لاکھ سے دو لاکھ روپے تک کے قرض معاف کریں گے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج حیدرآباد کے رام نگر چوراستہ پر ترنگا ریالی شروع کی ۔اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ملک کے اتحاد اور قومی سالمیت کی حفاظت کریں اور نوجوانوں کو ہندوستان کی آزادی کی لڑائی کی تاریخ کے بارے میں بتائیں۔ کشن ریڈی نے تلگو عوام سے کہا کہ وہ سرگرمی سے ترنگا یاترا میں حصہ لیں ۔انہوں نے تمام لوگوں سے کہا کہ وہ اپنے گھروں پر قومی پرچم لہرائیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا یوا مورچہ پورے ملک میں تلنگانہ ریالی اور تلنگانہ یاترا نکالے گا۔

☆☆☆

ریونیو انٹلیجنس کے ڈائرکٹریٹ حیدرآباد زون نے ایک مسافر سے ایک کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا ایک ہزار 390 گرام کا سونا ضبط کرلیا ہے جسے آر جی آئی ایرپورٹ کے ذریعہ اسمگل کیا جارہا ہے۔ ڈی آر آئی کے عہدیداروں نے جمعہ کو دبئی سے آنے والے ایک مسافر کو روکا۔اس مسافر کے جوتوں اور اس کے بیاگ کے اسکینگ پر پتہ چلا کہ وہ اپنے بائیں جوتے اور بیاگ میں زرد رنگ کے دو بڑے دھاتی تکڑے لے جارہا تھا جو بیٹری کی شکل کے تھے۔اس کے پاس سے زرد رنگ کی ایک چین بھی برآمد کی گئی۔